سسپنشن سلیوز فار ٹرانس ٹیبیئل پروستھیسیس

کے بارے میں معلومات

(Information about Suspension Sleeves for Trans-Tibial Prostheses –URDU)

WestMARC [ویسٹ مارک]

ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ موبلٹی اینڈ ریہبلیٹیشن سینٹر

کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہاسپیٹل،

1345 گواہن روڈ

گلاسگو

G51 4TF

آپ کو ایک مصنوعی عضو فراہم کیا گیا ہے جو کہ متعدد اجزاء پر مشتمل ہے جن کو آپ کے معالج نے منتخب کیا ہے۔ یہ آپ کی انفرادی ضروریات پر مبنی ہے اور ساکٹ ڈیزائن آپ کے اسٹمپ کی لمبائی اور شکل، گھٹنے کی شکل، مصروفیت کی سطح اور استر کی قسم پر مبنی ہے جس کو آپ استعمال کریں گے۔ ہم آپ کو ایک ایسی سسپنشن آستین دے سکتے ہیں جو آپ کے عضو کو اضافی یا ایک ہی سسپنشن فراہم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

ایک سسپنشن آستین باہر کی طرف مصنوعی عضو سے منسلک ہوتی ہے اور گھٹنے کے اوپرسےران تک کھچی ہوئی یا لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کو اسٹمپ جرابوں یا استر کے اوپر سے آپ کی ران تک پہنچنا چاہیئے۔

چند ایک اقسام کے لیے یہ ضروری ہے کہ سسپنشن کا ایک مناسب حصہ آپ کی جلد کو چھوتا ہو۔ اگر آپ نے اس کو صحیح طریقے سے استعمال نہ کیا تو یہ اچھی طرح کا سسپنشن فراہم نہیں کرے گی اور اگر یہ بہت زیادہ کھچی ہوئی یا فرسودہ سی ہو جاتی ہے تو آپ کا عضو ڈھیلا ڈھالا اور غیر محفوظ محسوس کر سکتا ہے۔

اگر ایسا ہوا تو آپ کو اس کا متبادل طلب کرنا چاہیئے۔

سسپنشن کی مختلف قسمیں دستیاب ہیں لہذا آپ کے لیے اس کا انتخاب مطلوبہ سسپنشن کی حد اور اس کے استعمال کی صلاحیت پر منحصر ہے۔ آستین کے مواد میں لچکدار الاسٹک، نیوپرین اور منرل جیل شامل ہوتے ہیں، جیسا کہ سلیکون ہے، اور یہ ٹانگ کو تھام کر رکھنے کے لیے لازمی ہوتے ہیں یا یہ پٹیلا ٹینڈن بیئرنگ (PTB) ساکٹ کا اضافی حصہ ہو ہوتے ہیں جو کہ گھٹنے کی بالائی جگہ کو تھام کر رکھتا ہے۔

کپڑے کی آستین لچکدار نائلون سے بنائی جاتی ہے جو سرجری کے بعد شروع میں استعمال ہونے والی کمپریشن جراب کی طرح ہوتی ہے۔ اس کی اندرونی طرف سلیکون کی دو قطاریں ہوتی ہیں جو ساکٹ اور اسٹمپ پر گرفت رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ عام طور پر اس کو استعمال کرنا آسان ہوتا ہے، یہاں تک کہ اگر آپ کے ہاتھ کی قوت کمزور ہو تو اس کا پہننا کافی مشکل ہوتا ہے۔

عام طور پر ایک جیل یا سلیکون کی آستین میں ایک نائلون کا بنا ہوا بیرونی کور ہوتا ہے جبکہ اندر کی طرف جیل یا سلیکون ہوتا ہے۔ اس طرح کی متعدد آستینیں دستیاب ہیں۔ چند ایک میں نرم جیل ہوتا ہے جو لگانے میں آسان ہوتا ہے اور چند ایک میں سخت جیل ہوتا ہے جس کا استعمال زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ استعمال شدہ مواد کی بنیاد پر پائیداری کے لحاظ سے اس کی کئی قسمیں ہیں۔

آستین کا استعمال کرنا

جیل یا سلیکون والی آستینوں کو لگانا سب سے مشکل ہوتا ہے کیونکہ وہ صحیح پوزیشن پر آنے سے قبل ہی ساکٹ سے چپک جاتی ہیں۔ عام طور پر ہم چاہتے ہیں کہ آدھی آستین ساکٹ پر اور آدھی آپ کی ران پر لگے اور اگر یہ آستین مخروطی ہو تو اس کا تنگ حصہ ساکٹ پر ہوگا۔ شاید آپ کو نظر آئے کہ معالج آستین کو اندر سے گھما کر اور چوڑے کنارے کو پکڑ کر اس کو ساکٹ کے اوپر کھینچتا ہے اورکھینچنے سے قبل جب چوڑا حصہ ٹانگ سے تقریباً آدھا نیچے ہو جائے تو وہ اس کو نیچے کے تنگ کنارے کی طرف موڑ دیتا ہے۔ یہ بہت ہلکی پھلکی ہو سکتی ہے لیکن جب اس کو صحیح طریقے سے رکھا جائے تو یہ اطمینان بخش ہوتی ہےاور نصف بالائی حصہ ساکٹ کے کنارے پر پھیل جاتا ہے۔

خاص طور پر ٹانگ کو جیل یا سلیکون آستین کے ساتھ لگاتے وقت یہ ضروری ہوتا ہے کہ آپ آستین کو ران پر لگانے سے قبل **اسٹمپ کو جرابوں کے بالائی حصے کو ساکٹ کے کنارے کی جانب موڑ دیں۔** یہ آستین کو خراب ہونے سے بچاتا ہے (سخت ساکٹ کے کنارے سے رگڑ کھانا) اور جب آستین اپنی جگہ پر ہوتی ہے تو جلد کے ساتھ لگنے کے لیے مناسب جگہ فراہم کرتی ہے۔ آستین کو ساکٹ کے کنارے کی وجہ سے ٹوٹنے سے بچانے کے لیے ہم آپ کو ایک گیٹر (محافظ آستین) دے سکتے ہیں۔

آپ کو آستین کو باقاعدگی سے صاف کرنا چاہئے، مثال کے طور پر ٹانگ سے اتار کر لیکن اس کا اتارنا اور لگانا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا۔ اگر آپ اسے اتار سکتے ہوں تو اس کو صابن والے پانی کے ساتھ ہاتھ سے دھو لیں، کھَنگالیں اور تولیے سے خشک کریں پھر اس کو رات بھر کے لیے براہ راست حرارت سے دور رہنے دیں۔ خاص طور پر اگر آپ کی جلد کو پرفیوم یا کیمیکلز کی وجہ سے ری ایکشن ہوتا ہو تو دھونے کے لیے ہلکا یا غیر خوشبو دار صابن یا کپڑے دھونےوالا صابن اچھا ہوتا ہے۔ اگر آپ نے آستین کو ٹانگ پر رکھنا ہو تو ہر شام اس کے بالائی آدھے حصے کو الٹا دیں اور کپڑے سے دھو کر کھَنگال لیں اور پھر تولیے کے ساتھ تھپتھپائیں۔ رات بھر ہوا سےخشک ہونے دیں۔

پسینہ (پسینہ آنا)

چند ایک افراد زیادہ پسینے کی وجہ سے پریشان ہوتے ہیں جبکہ آستین پہننا اس کو مزید خراب کر سکتا ہے۔ بغیر پرفیوم والا اینٹی پرسپرنٹ استعمال کرنے سے مدد مل سکتی ہے۔ لوگوں نے مائع ٹیلک اور ڈائن ہیزل کو مددگار پایا ہے۔

آپ کی آستین کو دوبارہ آرڈر کرنے کے لیے:____

رابطے کی تفصیلات

کھلنے کے اوقات: سوموار تا جمعہ - صبح کے8:30 بجے تا شام کے 4:30 بجے تک

ٹیلیفون: 0300 790 0129
(سوموار تا جمعہ: صبح کے 8:45 بجے تا شام کے 4:15 بجے تک)۔
اگر فون لائنز مصروف ہوں تو آنسر فون دستیاب ہے۔

ویب سائیٹ:
www.nhsggc.org.uk/your-health/health-services/westmarc

ای میل: westmarc@ggc.scot.nhs.uk

mi •325252 v2.0
نظر ثانی کی تاریخ: نومبر 2023